سوال

قرآن سیکھنے کے لیے رجسٹر پر لکھنا

جواب

تعلیم کی غرض سے رجسٹر پر قرآن لکھنے کا حکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کیا قرآن مجید سیکھنے کے لیے رجسٹر پر قرآنی آیات لکھی جا سکتی ہیں ؟ مثلا مشکل الفاظ کے معنی ، یا آیتوں کے کچھ حصے لکھنا ، اوران کو یاد کرنا ، جس طرح ہم دیگر علوم سیکھنے کے لیے رجسٹروں کا استعمال کرتے ہیں ، کیا اسی طرح قرآن مجید سیکھنے کے لیے بھی کر سکتے ہیں ؟ کیا اس سے گناہ ملے گا ؟ کیا قرآن مجید کا صرف ایک لفظ یا آیت کا کچھ حصہ بھی لکھ کر اس کو یاد کر سکتے ہیں ، چاہے پوری آیت نہ بھی لکھیں ۔ ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ ! الحمد للہ ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ ، أما بعد ! سیکھنے کی غرض سے قرآن مجید کو رجسٹر ، کاپی سمیت کسی بھی ذریعہ تعلیم والی چیز پر لکھا جا سکتا ہے ، بشرطیکہ وہ کوئی حرام چیز نہ ہو ، جیسے کسی مردار یا نجس جانور کی کھال وغیرہ پر لکھنا ۔ صحابہ کرام بھی قرآن مجید کو لکڑی ، پتھر ، ہڈیوں اور کھالوں وغیرہ پر لکھا کرتے تھے ، اور مطبوعہ قرآن مجید بھی تو کاغذ پر ہی چھپتا ہے ، جسے بعد میں جلد کر لیا جاتا ہے ، یہ دونوں ہی کاغذ ہیں ۔ اصل مقصود یہ ہے کہ جس چیز پر بھی قرآن لکھا جائے ، اس کو سنبھال کر رکھا جائے ، اور اس کی بے ادبی نہیں ہونی چاہیئے ۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب فتوی کمیٹی محدث فتوی